RAHBAR INTERNATIONAL
Post Date: November 30, 2025
PDF Created On: Wed, Mar 25 2026 10:09:22 am

ملتان: ریجنل ایگریکلچر فورم کی چوتھی میٹنگ کا انعقاد

,Green Pakistan - پاکستان گرین,Snippets

ملتان۔ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی سربراہی میں گورنمنٹ پنجاب ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کے قائم کردہ ریجنل ایگریکلچر فورم برائے ساؤتھ پنجاب کی میٹنگ کاا نعقاد کیا گیا جس میں وائس چانسلر ڈاکٹر آصف علی سمیت تمام ممبران نے بھرپور شرکت کی۔

rki.news

ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان
پریس ریلیز 29نومبر 2025
ملتان۔ ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی سربراہی میں گورنمنٹ پنجاب ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کے قائم کردہ ریجنل ایگریکلچر فورم برائے ساؤتھ پنجاب کی چوتھی میٹنگ کاا نعقاد کیا گیا جس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی سمیت تمام ممبران نے بھرپور شرکت کی۔ اس فورم کا بنیادی مقصد زرعی شعبے کی ترقی کے لیے موثر تعاون اور علم کی منتقلی کو فروغ دینا ہےتاکہ جنوبی پنجاب میں زراعت کی تعلیم، تحقیق، توسیع اور دیگر خدمات کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز زرعی یونیورسٹی ملتان کے ساتھ مل کر ایک پیشہ ورانہ، فعال، اور باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے کا ماحول بنانے کے لیے ایگریکلچر کمپلیکس کو بہتر بنانے کا کام کریں۔ کمپلیکس کے اندر تمام دستیاب وسائل (زمین، پانی، مشینری، لیبارٹریز) کی انوینٹری اور ممبر اداروں کے درمیان ان کے موثر اور مشترکہ استعمال کے لیے ایک واضح طریقہ کار قائم کریں۔ مشترکہ R&D منصوبوں میں نجی صنعت کو شامل کرنے کے لیے ایک منظم ڈھانچہ تیار کرنا، طلبہ کی تحقیق کی کفالت، اور تحقیقی اداروں کے ذریعے تیار کردہ قابل عمل ٹیکنالوجیز اور فصلوں کی اقسام کی کمرشلائزیشن بھی ہمارے اہداف میں شامل ہیں- میٹنگ میں گزشتہ اجلاس کے فیصلوں کا جائزہ لیا گیا اور مرکزی ڈیٹا بیس پر بات چیت کی گئی۔ مزیدبرآں پیسٹ فورکاسٹنگ ماڈلنگ ، زرعی مشینوں کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالنا اور معیاری زرعی مشینوں کی صنعت کو فروغ دینا ، آئی ٹی کے اجتماعی نظام کی ترویج، ٹنل فارمنگ کے لیئے دستیاب وسائل، پودوں کی بیماری کے تشخیصی نظام کی تعمیر، فورم کے اراکین کے لیے آفیشل ای میل، ایگریکلچر کمپلیکس ڈیش بورڈ ڈیٹا وغیرہ جیسے ایجنڈا پر بھی گفتگو کی گئی-اس موقع پر سپیشل سیکرٹری زراعت ساؤتھ پنجاب سرفراز حسین مگسی،ڈاکٹر شفیق پتافی، آصف مجید، خالد کھوکھر، سید حسن رضا ،جہاں زیب دھرالہ ،ڈی جی زراعت توسیع، پنجاب ڈی جی انفارمیشن پنجاب سمیت دیگر تمام اسٹیک ہولڈرز کے نمائندوں نے شرکت کی

رياض احمد □راج
ترجمان زرعی یونیورسٹی ملتان

Post Date: November 30, 2025 PDF Created On: Wed, Mar 25 2026 10:09:22 am

---

[Read This Post On RKI Website]